HBL PSL Pakistan Super League 2022

LEVEL HAI

27 JAN - 27 FEB
KARACHI I LAHORE

محمد رضوان کی لاجواب بیٹنگ فارم کا سلسلہ جاری، ملتان سلطانز نے کراچی کنگز کو ہرادیا

کراچی،27 جنوری2022ء:

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے افتتاحی میچ میں ملتان سلطانز نے کراچی کنگز کو7 وکٹوں سے شکست دے دی۔

فاتح ٹیم نے125 رنز کا ہدف10 گیندوں قبل میں 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ کیلنڈر ایئر 2021 میں سب سے زیادہ ٹی ٹونٹی رنز کا ریکارڈ بنانے والے کپتان محمد رضوان نے سال2022 میں بھی عمدہ بیٹنگ فارم کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ انہوں نے ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں 110 کے اسٹرائیک ریٹ سے 52رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیل کر ملتان سلطانز کو فتح سے ہمکنار کردیا۔ ان کی اننگز میں 5 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

محمد رضوان نے ابتدائی دو وکٹوں کے لیے شان مسعود اور صہیب مقصود کے ہمراہ بالترتیب 38اور63 رنز کی شراکت قائم کی. شان مسعود26اور صہیب مقصود30 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

محمد نبی نے 2وکٹیں حاصل کیں۔

اس سے قبل ملتان سلطانز کے کپتان محمد رضوان نے ٹاس جیت کر کراچی کنگز کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی تو شرجیل خان اور کپتان بابر اعظم نے66 رنز کا محتاط آغاز فراہم کیا۔ شرجیل خان نے 31 گیندوں پر 3 چھکوں اور 3 کی مدد سے 43رنز کی اننگز کھیلی. بابراعظم 23

رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ تیسرے نمبر پر میدان میں اترنے والے جوئے کلارک بھی 26 رنز ہی اسکور کر سکے۔ کراچی کنگز نے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 124 رنز بنائے۔

تجربہ کار اسپنر عمران طاہر نے 16 رنز کے عوض 3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications